http://www

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | جمعۃ المبارک 25 ستمبر 2026ء 12 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 24

وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا ترمیمی پولیس ایکٹ چیلنج کرنیکا اعلان

کے پی حکومت نے صرف آئی جی کے اختیارات واپس نہیں لیے بلکہ پوری کمانڈ تباہ کردی، ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے

سہیل آفریدی نے اختیار اپنی جیب میں اور اپنی سیاسی جماعت کے تابع کرنے کی کوشش کی، اسلام آباد آنے والے تمام 125 راستے کھلے ہیں، طلال چوہدری

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کا ترمیم شدہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کردیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے، وفاق کے پاس ترمیم شدہ پولیس ایکٹ پر بہت آپشنز ہیں، یہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی حکومت نے صرف آئی جی کے اختیارات واپس نہیں لیے بلکہ پوری کمانڈ تباہ کردی ہے، مجوزہ پولیس ایکٹ میں سیاسی عمل دخل واضح نظر آرہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے مالدیپ کی پارلیمنٹ کے اسپیکر مصافحہ کررہے ہیں

فیلڈ مارشل سے مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر کی ملاقات

علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون شامل پر تبادلہ خیال کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (صباح نیوز) مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، بشمول علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون شامل پر تبادلہ خیال کیا گیا آئی ایس پی آر کے مطابق مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو)، راولپنڈی میں چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز (CDFCOAS) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اخبارات کے قارئین کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتا ہوں، وزیر اعظم

اسلام آباد (اے پی پی) آج مطالعۂ اخبارات کے قومی دن پر اخبارات اور شعبہ صحافت سے وابستہ تمام صحافی اور صحافی تنظیموں بالخصوص آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (اے پی این ایس) کے ممبران اور اخبارات کے قارئین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پنجاب میں جامع تعلیمی اصلاحات نیاب نصاب، آئی اور مینٹل ہیلتھ ٹریننگ متعارف کرانے کا فیصلہ

کتابوں کا بوجھ 25 فیصد کم کرنے اور رٹے کے رجحان کی حوصلہ شکنی ہوگی، پیکٹا کی اجلاس میں نئے نصاب پر بریفنگ

سرکاری اسکولوں میں بہترین ایجوکیشنل ماڈل دیکھنا چاہتی ہوں، لیہز بنانے پر بھی توجہ دینی چاہیے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت تعلیمی اصلاحات سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں پنجاب کے سرکاری اسکولوں کے لیے نئے نصاب اور تدریسی نظام میں اصلاحات کی منظوری دی گئی۔ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

ایران کو اسلام آباد معاہدہ قبول، شہباز شریف

امریکہ بھی واپس آئے، شی جن پنگ

خطے میں امن کا قیام وقت کی انتہائی ضرورت ہے، اس کے لیے پاکستان پہلے کی طرح کردار ادا کرے گا، وزیر اعظم کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے گفتگو

تمام ممالک کی خودمختاری اور سلامتی کا احترام کیا جانا چاہیے، چین متعلقہ فریقوں کو پُرامن حل کیلئے اپنے عزم پر قائم رہنے کی ترغیب دیتا رہا ہے، چینی صدر کی واشنگٹن میں گفتگو

واشنگٹن ڈی سی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے چینی ہم منصب شی جن پنگ ملاقات کررہے ہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کسی کے خلاف نہیں ایران کو اعتماد میں لیا ہے، ایرانی صدر نے کہا ہے ہمیں اسلام آباد معاہدہ آج بھی پوری طرح قابل قبول ہے، پاکستان کی عسکری و سیاسی قیادت امن کے لیے کاوشیں جاری رکھے گی۔ وزیر اعظم آفس سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان کے ساتھ ملاقات ہوئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ایران کے درمیان قریبی اور دیرینہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے طویل عرصے سے جاری تنازع پر گہری تشویش کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے دورے پر آئے چینی صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ٹرمپ سے مطالبہ کیا ہے کہ امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔ امریکی صدر ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کی وائٹ ہاؤس میں ملاقات ہوئی۔ وائٹ ہاؤس پہنچنے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور امریکی خاتونِ اوّل نے صدر شی اور ان کی اہلیہ کا استقبال کیا۔ صدر ٹرمپ سے ملاقات میں چینی صدر نے امید ظاہر کی کہ امریکا اور ایران ایک جامع معاہدے تک پہنچیں گے جس میں ایٹمی معاملہ اور دیگر معاملات کا تصفیہ بھی شامل ہو گا۔ چینی صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ٹرمپ سے مطالبہ کیا کہ امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی شینہوا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے امریکا اور ایران پر زور دیا ہے کہ وہ مشرق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

واشنگٹن ڈی سی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے چینی ہم منصب شی جن پنگ ملاقات کررہے ہیں

نوجوان اخبار بینی کی عادت اپنائیں، صدر آصف زرداری

جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر

اسلام آباد (اے پی پی): صدر مملکت آصف علی زرداری نے نوجوانوں کو اخبارات کے مطالعہ کی عادت اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر ہے۔ توقع ہے کہ اخبارات کے ایڈیٹوریل بورڈز ریاست اور معاشرے کے وسیع تر مفاد میں سماجی و اقتصادی، مذہبی اور سیاسی مسائل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

وفاقی وزیر احسن اقبال فیصل آباد چیمبر آف کامرس میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں

لیوی کے خلاف کل لاہور میں جلسہ عام ہوگا، حافظ نعیم الرحمن

مشاورت سے لانگ مارچ موخر کیا، مختلف طبقات نے فیصلہ کی تحسین کی

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کہا ہے کہ کل جمعہ کو لاہور میں پٹرولیم لیوی کے خلاف جلسہ عام ہوگا، وزیر اعظم کی وطن واپسی پر بات چیت میں عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو ملتان سے ہی اسلام آباد مارچ کا آغاز ہوجائے گا، لیوی کے خلاف دستخطی مہم کا آغاز کررہے ہیں، دو کروڑ دستخط ہدف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملک گیر اجتماع کارکنان سے آن لائن خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سعودی عرب، حوثیوں کے 6 بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ

سعودی سول ڈیفنس نے مکہ مکرمہ، تبوک، جدہ میں ہنگامی خطرے کا الرٹ جاری کیا تھا

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کی قیادت میں یمن کی اتحادی افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثیوں کی جانب سے داغے گئے 6 بیلسٹک میزائل فضا میں ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، FGEHA اور میسرز کنسورشیم میں معاہدہ پر دستخط کیے جارہے ہیں

FGEHA، میسرز کنسورشیم میں معاہدے پر دستخط

700 تا 800 ممبران کیلئے رہائشی سہولیات فراہم کیے جانے کی توقع

ہاؤسنگ منصوبوں میں الاٹیز کو قبضہ مقررہ ٹائم لائن سے پہلے دینے کا عزم

اتھارٹی سرکاری ملازمین کو معیاری، رہائشی سہولیات فراہمی کیلئے کام کررہی، ڈی جی ظفر اقبال

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA)، میسرز زی برادرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور میسرز رویا ڈویلپرز (پرائیویٹ) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

یوٹیلٹی سٹورز آپریشنز بحال اور ملازمین کو واجبات ادا کیے جائیں، چوہدری منظور

سیکرٹری جنرل ورکرز الائنس سید عارف حسین شاہ کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور پیپلز لیبر بیورو پاکستان کے انچارج چوہدری منظور احمد نے مطالبہ کیا ہے کہ یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن کے آپریشنز بحال اور رضا کارانہ علیحدگی کی اسکیم قبول کرنے والے ملازمین کے تمام واجبات کلیئرنس ادا کیے جائیں۔ اس امر کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں آل پاکستان ورکرز الائنس، یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

مصطفیٰ کمال کا پمز میں نئی لیب، کینسر اسپتال کی تعمیر کا اعلان

70 ہزار افراد کی ہیپاٹائٹس اسکریننگ کی جاچکی، ٹیسٹ حکومت مفت کریگی، وزیر صحت

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پمز اسپتال میں جلد نئی لیب قائم کی جائے گی جس کے بعد تمام ٹیسٹ ملک کے اندر ہی کیے جاسکیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد ماڈل جیل پراجیکٹ تکمیل کے قریب، اگلے ماہ افتتاح کا فیصلہ

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری کی زیر صدارت اجلاس میں ماڈل جیل کا اگلے ماہ افتتاح کرنے کا فیصلہ کیا گیا

ماڈل جیل منصوبے کی تکمیل بروقت یقینی بنائے جائیں اور کسی بھی سطح پر غیر ضروری تاخیر نہ کی جائے، محسن نقوی

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 15 برس سے زیر التوا ماڈل جیل اسلام آباد منصوبے پر جاری کاموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ اور وزیر مملکت نے منصوبے کے باقی ماندہ تمام کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کے دوران ماڈل جیل اسلام آباد کا اگلے ماہ افتتاح کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مسلم لیگ ن کے ڈاکٹر نجیب نقی آزاد کشمیر کے نئے صدر منتخب

وزیر اعظم شہباز شریف و وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی نومنتخب صدر کو مبارکباد

مظفر آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے نامزد امیدوار ڈاکٹر نجیب نقی 32 ووٹ لیکر آزاد کشمیر کے نئے صدر منتخب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر نجیب نقی آزاد کشمیر کے 25ویں صدر منتخب ہوئے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے 45 ارکان نے صدر کا انتخاب کیا، پولنگ دوپہر ایک بجے تک جاری رہی۔ پیپلز پارٹی کے امیدوار چوہدری لطیف اکبر نے 13 ووٹ حاصل کیے جب کہ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اے این ایف کی کارروائیاں خواتین سمیت 9 گرفتار

راولپنڈی (صباح نیوز) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات سمگلنگ کے خلاف 7 کارروائیوں کے دوران 3 خواتین سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پی ٹی آئی کے آٹھ اراکینِ قومی اسمبلی گرفتار، وزرا لاپتا

نوٹیفکیشن کے بغیر ہی کے پی میں عملاً گورنر راج نافذ ہے، چیئرمین بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے ممکنہ مارچ کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک کی سیاسی اور سیکیورٹی صورتحال شدید ترین کشیدگی کا شکار ہوگئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

منسک، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی وفد کے ہمراہ بیلاروس کے صدر سے ملاقات کررہے ہیں

طارق فضل چوہدری کی نجیب نقی کو صدرِ آزاد کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد

نئی ذمہ داریوں کے لئے نیک تمنائیں اور دعائیں ہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے ڈاکٹر نجیب نقی کو صدرِ آزاد جموں و کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر نجیب نقی کا انتخاب ان کی صلاحیتوں، سیاسی بصیرت اور عوامی خدمات پر اعتماد کا اظہار ہے، یقین ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

عظمیٰ اور نورین نیازی کی نظر بندی کا نوٹیفکیشن معطل کرنیکی استدعا مسترد

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کا نوٹیفکیشن فوری معطل کرنے کی استدعا مسترد کردی۔ جسٹس عبہر گل خان نے ڈاکٹر عظمیٰ خان اور نورین نیازی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پاکستان کی خودمختاری کی کسی بھی خلاف ورزی کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، تارڑ

افغانستان میں 10 مقامات پر فضائی اور ڈرون حملے کیے، ان مقامات کو نشانہ بنایا گیا جو ڈرونز لانچ اور ذخیرہ کرنے جارہے تھے

فضائی دفاعی نظام نے تمام دراندازڈرونز کا سراغ لگا کر انہیں ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی تباہ کردیا، عطا تارڑ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے حق دفاع استعمال کرتے ہوئے افغانستان میں 10 مقامات پر فضائی اور ڈرون حملے کیے، ان مقامات کو نشانہ بنایا گیا جو ڈرونز لانچ اور ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال کیے جارہے تھے، پاکستان کی خودمختاری کی کسی بھی خلاف ورزی کی فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے ایکس پر بیان جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب کمبوہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

سندھ کے 6 انتظامی یونٹس بنیں گے وسائل برابر تقسیم ہونگے، فاروق ستار

کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ اور دیگر علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں

کراچی (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ میں 6 انتظامی یونٹس بنیں گے اور صوبے کے وسائل تمام علاقوں میں برابر تقسیم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی، حیدرآباد، میرپور خاص، سکھر، لاڑکانہ اور دیگر علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ سندھ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

نیویارک، وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستانی نوجوان انٹرپینیورز اور پروفیشنلز ملاقات کررہے ہیں

سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں، 8 دہشتگرد ہلاک، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کردیا گیا، سیکیورٹی ذرائع

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود اور دیگر سامان بھی برآمد کیا گیا

وزیرستان (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں، 8 دہشتگرد ہلاک سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کردیا گیا، سیکیورٹی ذرائع سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں جب کہ شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 8 دہشتگرد جہنم واصل کردیے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی مؤثر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور ایران کی بیٹھک کی تیاری

نیویارک (آئی این پی) پاکستان، سعودی عرب، ترکی، ایران کی بڑی بیٹھک کی تیاری جاری ہے، جس میں تینوں ممالک مکہ معاہدے کے حوالے سے ایران کو اعتماد میں لیں گے۔ رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ایرانی ایئر لائنز کی متحدہ عرب امارات کیلئے تمام پروازیں منسوخ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی جانب سے لینڈنگ، ٹیکٹنگ اور دیگر خدمات کی فراہمی پر عائد پابندیوں کے باعث ایران ایئر کی متحدہ عرب امارات کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

لاہور، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے نمائندگان ملاقات کررہے ہیں

پیٹرولیم ترسیل متاثر نہ ہونے دی جائے، علی پرویز ملک

مسلسل دستیابی کیلئے اوگرا کا خصوصی کنٹرول روم قائم کردیا گیا، اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز نے متعلقہ حکام کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کی صورتحال اور سڑکوں کی بندش سے پیٹرولیم ترسیل متاثر نہ ہونے دی جائے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اجلاس میں بتایا گیا پیٹرولیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، شرجیل میمن

ٹی وی چینلز کے سروے سے کیا فرق پڑتا ہے؟، سینئر وزیر

کراچی (بیورو رپورٹ) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ہمیں صوبوں کی تقسیم قبول نہیں، ٹی وی چینلز کے سروے سے کیا فرق پڑتا ہے؟ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، سندھ اسمبلی اس حوالے سے قرارداد مسترد کرچکی ہے۔ انہوں نے ایم کیو ایم پر لسانیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان، انڈیکس 186 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (آئی این پی) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ٹریڈنگ کا آغاز مثبت زون سے ہوا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز میں ہنڈرڈ انڈیکس 186 پوائنٹس بڑھ کر 1 لاکھ 72 ہزار 4 سو پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔

اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ کی دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

نیویارک (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات ہوئی، دوطرفہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی ترقی کا اہم ذریعہ ہے، محمد اورنگزیب

پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے

نیویارک (آئی این پی) نیویارک میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ایشین گیمز ہاکی: پاکستان نے چین کو شکست دے دی

پاکستان کی جانب سے کپتان ابوبکر سفیان خان اور حنان شاہد نے گول اسکور کیے

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشین گیمز ہاکی میں پاکستان نے چین کو 3-0 سے شکست دے کر جانب سے کپتان ابوبکر سفیان خان اور حنان شاہد نے گول اسکور کیے، جبکہ تیسرے گول دوسرے کوارٹر میں کیے گئے۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

شہر اقتدار کا امتحان!

24 گھنٹے اہم، شہر اقتدار میں سیاسی معرکے کی تیاریاں مکمل

کنٹینرز، خندقیں اور سخت پہرے، اسلام آباد میں بظاہر مارچ ممکن نہیں

راجہ جاوید
rajajaved786@gmail.com

اسلام آباد وفاقی دارالحکومت ایک بار پھر سب کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے۔ کنٹینرز، خندقیں، رکاوٹیں، اضافی نفری، بند راستے اور غیر معمولی سیکیورٹی انتظامات اس بات کا اعلان کررہے ہیں کہ آنے والے 24 گھنٹے معمول کے نہیں۔ پاکستان تحریک انصاف اپنے اعلان کردہ لانگ مارچ کی تیاریوں میں مصروف ہے جبکہ حکومت ہر ممکن حکمت عملی کے ذریعے اسلام آباد کو محفوظ رکھنے کا دعویٰ کر رہی ہے۔

سیاسی راہداریوں میں چہ مگوئیاں عروج پر ہیں۔ سوال یہ نہیں کہ سیاسی درجہ حرارت بڑھے گا یا نہیں، بلکہ سوال یہ ہے کہ اس کشیدگی کا اختتام کہاں ہوگا؟ مذاکرات، تصادم، گرفتاریوں کا نیا سلسلہ یا پھر کوئی غیر متوقع سیاسی پیش رفت؟

شہر اقتدار کے باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ ریاستی مشینری کسی بھی ایسی صورتحال سے بچنے کی کوشش کر رہی ہے جو دارالحکومت کے نظام کو مفلوج کر دے، جبکہ دوسری جانب پی ٹی آئی اپنے سیاسی بیانیے کو فیصلہ کن مرحلے میں داخل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ دونوں فریق اپنے اپنے مؤقف پر مضبوط دکھائی دیتے ہیں اور یہی صورتحال بے یقینی کو مزید بڑھا رہی ہے۔

اسلام آباد کی شاہراہیں اس وقت ایک سیاسی جنگ کے آثار پیش کر رہی ہیں۔ شہری پریشان ہیں، کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں اور روزمرہ زندگی غیر یقینی کیفیت کا شکار ہے۔ شہر کے داخلی راستوں پر سخت نگرانی اور رکاوٹیں اس بات کی غمازی کرتی ہیں کہ انتظامیہ کسی بھی بڑے اجتماع کو آسانی سے آگے بڑھنے دینے کے موڈ میں نہیں۔

سیاسی مبصرین کے مطابق اگلے دو دنوں میں ہونے والے فیصلے آنے والے مہینوں کی سیاست کا رخ متعین کر سکتے ہیں۔ اگر سیاسی رابطے کامیاب ہوتے ہیں تو کشیدگی میں کمی آسکتی ہے، لیکن اگر معاملات مزید سختی کی طرف گئے تو ملک ایک اور بڑے سیاسی بحران کی طرف بڑھ سکتا ہے۔

شہر اقتدار میں اس وقت سب سے بڑا سوال یہی گردش کر رہا ہے: کیا طاقت کا مظاہرہ ہوگا یا سیاسی تدبر کا؟ کیا فریقین مذاکرات کی میز تک پہنچیں گے یا سڑکوں پر سیاسی طاقت آزمائی ہوگی؟ کیا کوئی ایسا فیصلہ سامنے آئے گا جو موجودہ تعطل کو توڑ دے؟

حتمی جواب آنے والے گھنٹوں کے پاس ہے، لیکن ایک بات طے ہے کہ اسلام آباد کی فضاؤں میں پھیلی بے چینی، سیاسی سرگرمیوں کی تیزی اور غیر معمولی سیکیورٹی انتظامات اس امر کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ ملک ایک اہم سیاسی موڑ پر کھڑا ہے۔ اگلے 24 گھنٹے صرف ایک احتجاج یا ایک حکومتی حکمت عملی کا امتحان نہیں، بلکہ پاکستان کی سیاسی سمت کے تعین میں بھی اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔

شہر اقتدار کی نظریں اب آنے والے لمحوں پر جمی ہیں، کیونکہ ہر نیا گھنٹہ کسی نئی سیاسی پیش رفت، کسی نئے اعلان یا کسی نئے موڑ کی خبر لاسکتا ہے۔

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088 : 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

خطے میں امن کیلئے اسلام آباد معاہدہ پر عمل ناگزیر!

تہران میں وزیر داخلہ محسن نقوی کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کو وسیع تر سفارتی کوشش کے تناظر میں دیکھا جا رہا ہے جس کا مقصد ایران اور امریکہ کے درمیان تعطل کا شکار مذاکراتی عمل کو دوبارہ زندہ کرنا ہے۔ پاکستان ایک مرتبہ پھر اس عمل میں فعال دکھائی دے رہا ہے، جبکہ قطر بھی اپنے سفارتی روابط کے ذریعے دونوں فریقوں کے درمیان فاصلے کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ تازہ اطلاعات کے مطابق ایرانی جانب سے مذاکرات کی طرف واپسی کے لیے کچھ لچک کا اظہار بھی ہوا ہے۔ محسن نقوی کا تہران کا حالیہ دورہ اس لیے بھی اہم ہے کہ پاکستانی حکام کے مطابق وہ ایران کے اعلیٰ حکام کے ساتھ علاقائی صورت حال، دوطرفہ تعلقات اور امن کے لیے جاری کوششوں پر بات چیت کرتے رہے ہیں۔ دوسری طرف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی ایرانی قیادت کے ساتھ براہِ راست رابطے میں رہے ہیں۔ اگست میں ان کی تہران میں ملاقاتوں کے دوران بھی کشیدگی کم کرنے، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور مذاکراتی حل تلاش کرنے کے امکانات پر گفتگو ہوئی تھی۔ پاکستانی سفارت کاری کی اس کوشش کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ اسلام آباد خود کو کسی فریق کا وکیل بنانے کے بجائے رابطے کے ایک ذریعے کے طور پر پیش کر رہا ہے۔ پاکستان کے دفتر خارجہ نے بھی واضح کیا ہے کہ اسلام آباد کا مقصد فریقین کو دوبارہ مذاکرات کی میز تک لانا ہے اور موجودہ کشیدگی کو سفارتی عمل کی حتمی ناکامی نہیں سمجھا جانا چاہیے۔ پاکستان نے یہ مؤقف بھی اختیار کیا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور پاکستان قطر مشترکہ اعلامیہ مذاکرات کی طرف واپسی کے لیے ایک فریم ورک فراہم کر سکتے ہیں۔ یہاں اصل اہمیت اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی ہے۔ جون میں اس فریم ورک کے تحت امریکہ، ایران، پاکستان اور قطر کے نمائندوں کی شرکت سے برجن سٹاک، سوئٹزرلینڈ میں اعلیٰ سطحی مذاکرات ہوئے تھے۔ اس عمل میں جوہری معاملے، پابندیوں، نگرانی اور تنازعات کے حل کے لیے ورکنگ گروپس بنانے اور حتمی معاہدے کی طرف بڑھنے کے لیے ایک روڈ میپ پر اتفاق ہوا تھا۔ اسی عمل میں آبنائے ہرمز کے ذریعے تجارتی جہازوں کی محفوظ آمدورفت کے لیے رابطے کا طریقہ کار بنانے کی بات بھی سامنے آئی تھی۔ مگر مسئلہ یہ ہے کہ کاغذ پر موجود فریم ورک اور میدان میں موجود حقیقت کے درمیان بہت بڑا فاصلہ پیدا ہو چکا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان بنیادی اختلافات اپنی جگہ موجود ہیں، جبکہ آبنائے ہرمز نے پورے تنازع کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ یہ آبنائے صرف ایران اور امریکہ کا معاملہ نہیں بلکہ عالمی توانائی، تیل کی ترسیل اور بین الاقوامی تجارت سے براہِ راست جڑی ہوئی ہے۔ اس لیے ہرمز کی بندش یا وہاں پیدا ہونے والی کسی بھی رکاوٹ کے اثرات خلیج سے کہیں آگے تک پہنچتے ہیں۔ حالیہ ہفتوں میں پاکستان نے بھی ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور کشیدگی کم کرنے کو اپنی سفارتی کوششوں کا اہم حصہ بنایا ہے۔ پاکستان کے لیے یہ سفارتی کردار غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے، مگر اس کے ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی وابستہ ہے۔ ثالثی اسی وقت نتیجہ خیز ہو سکتی ہے جب ثالث دونوں فریقوں کے اعتماد کو برقرار رکھ سکے۔ اسلام آباد کو ایران کے ساتھ اپنے تاریخی، مذہبی، جغرافیائی اور معاشی تعلقات کو بھی سامنے رکھنا ہے اور امریکہ کے ساتھ اپنے سفارتی و سٹریٹجک تعلقات کو بھی۔ اس لیے پاکستان کی کامیابی کسی ایک فریق کو قائل کرنے میں نہیں بلکہ دونوں فریقوں کے لیے ایسے رابطے کا راستہ کھولنے میں ہوگی جس پر وہ اپنی اپنی سیاسی ضروریات کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا یہ کہنا موجودہ ماحول میں اہم سیاسی اشارہ ہے کہ امریکی دباؤ نے مسلم ممالک کے درمیان قربت اور باہمی روابط کو بڑھایا ہے۔ ایران اور پاکستان کے درمیان تجارت، توانائی، سیاحت اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کی بات بھی ہوئی ہے۔ یہ دوطرفہ تعلقات اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن پاکستان کو اس موقع پر یہ فرق بھی برقرار رکھنا ہوگا کہ ایران پاکستان تعلقات اور ایران امریکہ تنازع دو الگ مگر باہم جڑے ہوئے سفارتی محاذ ہیں۔ اصل امتحان اب یہ ہے کہ کیا اسلام آباد معاہدہ محض ایک سابقہ سفارتی دستاویز بن کر رہ جاتا ہے یا اسے دوبارہ عملی مذاکرات کی بنیاد بنایا جاتا ہے۔ اگر فریقین فوری طور پر حتمی معاہدے تک نہیں پہنچ سکتے تو مرحلہ وار پیش رفت کا راستہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔ پہلے کشیدگی میں کمی، پھر آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری آمدورفت، اس کے بعد تکنیکی سطح کے مذاکرات اور بالآخر جوہری پروگرام اور پابندیوں جیسے بنیادی اختلافات پر سیاسی مذاکرات۔ اسی طرح ایک مشکل تنازع کو چھوٹے قابلِ عمل مرحلوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان کے لیے سب سے اہم بات یہ ہوگی کہ وہ اپنی سفارتی سرگرمی کو شخصیات یا وقتی کامیابیوں کے بجائے ایک مستقل ادارہ جاتی عمل میں تبدیل کرے۔ محسن نقوی کے دورے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کے روابط، ایرانی صدر اور وزیر خارجہ کے پاکستان کے دورے اور قطر کی متوازی کوششیں ایک وسیع سفارتی تصویر کے مختلف حصے ہیں۔ اگر ان تمام رابطوں کو ایک مربوط روڈ میپ میں تبدیل کیا جائے تو اسلام آباد معاہدہ دوبارہ میز پر آ سکتا ہے۔ پاکستان نے اگر یہ دروازہ کھلا رکھنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے تو اگلا مرحلہ اسی دروازے کو دوبارہ مذاکرات کی میز تک پہنچانے کا ہے۔ اسلام آباد معاہدہ شاید مکمل نافذ نہ ہو، مگر ایک نئے آغاز کے لیے اس میں پہلے سے موجود فریم ورک کو نظرانداز کرنے کے بجائے اسی سے دوبارہ راستہ نکالا جا سکتا ہے۔

سفارتی کوشش، دنیا جلد اَمن کا نیا سویرا دیکھے گی!

وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کسی کے خلاف نہیں ایران کو اعتماد میں لیا ہے، ایرانی صدر نے کہا ہے ہمیں اسلام آباد معاہدہ آج بھی پوری طرح قابل قبول ہے، پاکستان کی عسکری وسیاسی قیادت امن کے لیے کاوشیں جاری رکھے گی۔ وزیر اعظم آفس سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان کے ساتھ ملاقات ہوئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ایران کے درمیان قریبی اور دیرینہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت طے پانے والی مفاہمت پر عملدرآمد جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا اور علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مخلصانہ اور تعمیری کردار ادا کرنے کی آمادگی کا اعادہ کیا

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان کم و بیش تین گھنٹے طویل مثبت اور نتیجہ خیز مذاکرات ہوئے۔ امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر لکھا کہ امریکی اور ایرانی وفود کے درمیان دن بھر ثالثوں کے ذریعے رابطے جاری رہے، مذاکرات کا ایک دور مکمل ہو گیا ہے اور اُمید ہے کہ یہ بات چیت تعمیری اور مثبت ثابت ہوگی۔ وٹکوف نے واضح کیا کہ دونوں وفود کے درمیان براہِ راست مذاکرات کے بجائے ثالثوں نے دونوں فریقوں کے درمیان پیغام رسانی کا کام کیا، ثالث اپنا کام جاری رکھیں گے۔ مذاکرات کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وہ بہت اچھا محسوس کر رہے ہیں۔ اُن کے مطابق جیرڈ کشنر اور سٹیو وٹکوف اِس ٹیم کا حصہ تھے جس نے ایرانی وفد سے ملاقات کی۔ اُنہوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی (یو این جی اے) سے خطاب کرتے ہوئے اِس اُمید کا اظہار بھی کیا کہ مڈٹرم الیکشن کے بعد تہران کے ساتھ معاہدہ ہو جائے گا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایران ایک عظیم ملک بن سکتا ہے تاہم یہ فیصلہ اُنہوں نے کرنا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ کیا جائے یا اُسے مکمل طور پر تباہ کر دیا جائے، ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا اِس سے پہلے کہ دیر ہو جائے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے تصدیق کی کہ وزیر خارجہ عباس عراقچی نے یو این جی اے کے موقع پر امریکی خصوصی نمائندے سٹیو وٹکوف سے اُن کی درخواست پر ملاقات کی۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق عراقچی نے آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے کے لئے ایرانی شرائط پیش کر دیں جس میں منجمد اثاثوں کا فوری اجراء، بحری ناکہ بندی اور لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران نے واضح کیا کہ آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے کے لئے اِن شرائط پر عملدرآمد ضروری ہے۔

اقوام متحدہ کے اجلاس کے موقع پر امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان طویل مذاکرات کی خبر ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب دنیا شدید ترین معاشی، سفارتی اور توانائی بحران کا شکار ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے ایران کے ساتھ جاری بات چیت کو مثبت قرار دینا اور جلد دوسری ملاقات کا اعلان کرنا اِس بات کا واضح ثبوت ہے کہ کشیدگی اور حرب و ضرب کے کٹھن راستوں کے بعد بالآخر سفارت کاری ہی واحد اور مؤثر حل کے طور پر سامنے آ رہی ہے۔ امریکی صدر نے اگرچہ اپنے خطاب میں جہاں ایران کے ساتھ ممکنہ معاہدے کا ذکر کیا وہاں اُس کے خلاف سخت لہجہ اپناتے ہوئے انتباہ بھی کیا لیکن یہ حقیقت خوش آئند ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان بات چیت چل رہی ہے۔ پوری دنیا بالخصوص عالمی معیشت اور توانائی کی منڈیاں اِس وقت انتہائی نازک موڑ پر کھڑی ہیں۔ آبنائے ہُرمز کی ناکہ بندی اور آزادانہ بحری نقل و حمل میں رکاوٹ کے باعث خام تیل کی قیمتیں انتہائی بلند سطح پر ہیں جو غیر معمولی گرانی کا سبب بن رہی ہیں، اِن قیمتوں کا سب سے زیادہ خمیازہ دنیا کے غریب اور ترقی پذیر ممالک کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ متعدد کمزور معیشتیں تیل کی غیر معمولی قیمتوں کے باعث دیوالیہ پن کے دہانے پر ہیں کیونکہ اُن کا تجارتی خسارہ اُن کے قابو سے باہر ہو چکا ہے۔

مذاکرات کے راستے میں اگرچہ کئی پیچیدہ چیلنج موجود ہیں، دونوں اطراف سے سخت بیانات کا سلسلہ بھی تا حال جاری ہے تاہم ایرانی حکام کی طرف آبنائے ہُرمز کو کھولنے اور معاشی ناکہ بندی کے خاتمے کی شرائط کا پیش کیا جانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ فریقین ایک دوسرے کے تحفظات سے آگاہ ہیں اور درمیانی راستے کی تلاش جاری ہے۔ واشنگٹن اور تہران جامع اور پائیدار معاہدے پر متفق ہو جاتے ہیں تو خام تیل کی سپلائی لائن بحال ہونے سے تیل کی قیمتوں میں کمی دیکھنے کو ملے گی اور پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کے خزانوں پر پڑنے والے زرمبادلہ کے غیر معمولی بوجھ میں کمی آ سکے گی۔ دنیا اُمید ہی پر قائم ہے، تاریخ گواہ ہے کہ سنگین سے سنگین ترین تنازعات کا حتمی تصفیہ بالآخر میز پر بیٹھ کر ہی ہوا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر شروع ہونے والا یہ سفارتی عمل ایک تاریخی موڑ ثابت ہو سکتا ہے لیکن اُس کے لئے فریقوں کو لچک پیدا کرتے ہوئے بصیرت اور ذمہ داری سے کام لینا ہوگا۔ مذاکرات کو سنجیدگی سے آگے بڑھایا جانا ناگزیر ہے۔ اُمید کی جا سکتی ہے کہ دوبارہ شروع ہونے والی یہ سفارتی کوشش دیر پا معاہدے پر منتج ہوگی اور دنیا بہت جلد سکون اور اَمن کا نیا سویرا دیکھے گی۔

تین خبریں۔۔۔تین حقیقتیں

پہلی خبر میں آنے والی مشکلات کا تذکرہ ہے خوفناک بات یہ پاکستان کا ٹمپریچر خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے۔ یاد رکھیں! اگر آج یہ گرمی ہم سے برداشت نہیں ہو رہی تو دس سال بعد ہمارے بچے گلوبل وارمنگ سے ہمارے ہی ہاتھوں میں تڑپ تڑپ کے مریں گے۔ اس کا واحد حل شجر کاری ہے۔ آم، جامن، لیچی اور فالسہ وغیرہ کا موسم اس وقت اپنے عروج پر ہے۔ اس سلسلے میں، ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ براہ کرم پھل کھانے کے بعد ان پھلوں کے بیج اور گھٹلیاں کوڑے میں مت پھینکیں، بلکہ ان کو دھو کر اپنی گاڑی وغیرہ میں رکھ لیں اور جب بھی کسی ایسی جگہ سے آپ کا گزر ہو، جہاں پر درخت وغیرہ نہ ہوں، ان بیجوں اور گھٹلیوں کو وہاں پھینک دیں، یا ہائی ویز کی ساتھ ساتھ والی جگہوں پر پھینک دیں۔ چند دنوں کے بعد برسات کا موسم اپنا رنگ دکھائے گا اور آپ کے پھینکے ہوئے ان بیجوں میں سے زیادہ تر اُگ آئیں گے اور اللہ کے فضل سے درخت بھی بن جائیں گے۔ درخت نہ صرف صدقہ جاریہ ہیں بلکہ اس وقت پاکستان اور دنیا کی سب سے بڑی ضرورت ہیں، ہمارا یہ چھوٹا سا عمل پاکستان کو ایک گرین پاکستان بنانے کا پہلا قطرہ ثابت ہوگا۔ اور یہ ایک ایسی سرمایہ کاری ہے کہ جس کا فائدہ آئندہ آنے والی نسلوں کو ہوگا اور آخرت میں ہم کو ہوگا۔

دوسری خبر کے مطابق جنسی تشدد کے بعد قتل پوری دنیا کے لئے مسئلہ بنا ہوا ہے جنسی جنونیوں نے خوبصورت لوگوں کیلئے دنیا کو جہنم بنا رکھا ہے اب تو ان جنسی مریضوں کے ہاتھوں خواتین کے ساتھ ساتھ معصوم بچے، نوعمر بچیاں بھی محفوظ نہیں رہیں امریکا میں یونیورسٹی کی 21 سالہ طالبہ کو جنسی زیادتی کے بعد قتل کر کے لاش ندی میں پھینکنے والے جنسی درندے کو گرفتار کر لیا گیا عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا میں ایک ندی سے 21 سالہ طالبہ لیبی اسکوائرز کی لاش ملی تھی، طبی معائنے میں انکشاف ہوا کہ طالبہ کو زیادتی کے بعد تشدد کر کے قتل کیا گیا۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کا سراغ لگا لیا، 26 سالہ پویل ریلووس دو بچوں کا باپ تھا جو قصائی کی حیثیت سے کام کرتا تھا۔ ملزم نے اعترافی بیان میں اپنا جرم قبول کر لیا۔ پولیس نے عدالت میں چارج شیٹ جمع کرا دی ہے۔ 26 سالہ پویل ریلووس نے اس سے قبل جولائی 2017 سے 20 جنوری 2019 کے درمیان 9 خواتین کے ساتھ جنسی زیادتی کی اور زیادہ تر کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا جب کہ گزشتہ ماہ اپنی گلی کی ایک عورت کے سامنے خود کو برہنہ کر دیا تھا پویل ریلووس نے رہائی کے بعد بھی اپنا یہ رحمانہ قبیل فعل جاری رکھا۔ پاکستان میں زیادتی کے بعد قتل کرنے کی روزانہ درجنوں واقعات ہو رہے ہیں انہیں نامرد کرنے کیلئے قانون سازی بھی ہوگئی ہے لیکن جنسی درندے آج بھی دندناتے پھرتے ہیں کیا ان کے سامنے حکومت بھی بے بس ہے؟

تیسری خبر میں کہا گیا ہے کہ دنیا ترقی کر گئی ہے شاید اسی لئے پاکستان کی تاریخ میں کئی سال پیشتر پہلی مرتبہ ڈیجیٹل کرنسی کے ذریعے ڈیڑھ کروڑ روپے کا تاوان آن لائن وصول کرنے کی سنسنی خیز واردات سامنے آگئی۔ بٹ کوائن کرنسی میں تاوان وصولی کا پہلا کیس 3 سال پہلے تھانہ ریس کورس میں رانا عرفان محمود اور اسکے نامعلوم ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ڈکیتی کی واردات سوئٹزرلینڈ اور جرمنی کے شہریوں کے ساتھ پیش آئی۔ میگرون ماریا سپاری اور سٹیفن نامی سوئس اور جرمن شہری 10 فروری کو لاہور آئے۔ رانا عرفان محمود نامی مقامی شخص نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے دونوں غیر ملکیوں کو پاکستان بلایا تھا۔ دونوں غیر ملکیوں نے مال روڈ پر معروف ہوٹل میں قیام کیا۔ رانا عرفان محمود سیر و تفریح کے لئے دونوں غیر ملکیوں کو ہوٹل کی گاڑی میں اپنے ہمراہ لے گیا۔ اور پھر ہوٹل گاڑی واپس بھجوا کر دونئ گاڑیوں میں غیر ملکیوں کو سیر و تفریح کے لئے ہمراہ لے گیا۔ ویرانے میں نیلی لائٹ والی ایک پرائیویٹ گاڑی نے غیر ملکیوں کی گاڑی کو روکا اور تلاشی لینا شروع کر دی۔ ایک آدمی نے غیر ملکی اسٹیفن کو گاڑی سے باہر نکالا اور اسکے کپڑوں پر ہیروئن پاؤڈر مل دیا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے دونوں غیر ملکی شہریوں کی آنکھوں پر پٹی باندھی اور ایک ڈیرے میں لے گئے۔ ملزمان نے غیر ملکیوں کو منشیات کے کیس درج کرنے کی دھمکی دے کر ان سے آن لائن پیسے منگوائے۔ ملزمان نے 6300 یورو کرنسی اور 8.1 بٹ کوائن جن کی مالیت 1 کروڑ 47 لاکھ روپے ہے آن لائن اپنے لیپ ٹاپ میں ٹرانسفر کروائے۔ موقع پر جعلی پریس کی ٹیم نے بلیک میلنگ کی غرض سے ویڈیو بھی بنائی۔ ملزمان نے مزید 30 کروڑ روپے کا تقاضا کیا اور پیسے نہ ملنے کی صورت میں ویڈیو وائرل کرنے کی دھمکی بھی دی۔ ویسے پاکستان کی ایک بڑی اہم شخصیت کے بارے میں کئی سال پہلے چرچا تھا کہ اس نے ایک شخص کی ٹانگ میں بم باندھ کر کئی کروڑ ہتھیا لئے تھے بہرحال آج کیلئے اتنا ہی آپ اپنا خیال رکھئے گا ملتے ہی پھر کسی بریک کے بعد۔۔

امام کی نیت!

نہ جانے وہ کب آیا؟ کون تھا؟ وہ کئی دنوں سے دہلی کے ایک مضافاتی محلے کے چوراہے میں بیٹھا آنے جانے والوں کی نگاہوں کا محور تھا کبھی برہنہ کبھی نیم برہنہ کسی نے کچھ کھانے کو دیدیا تو ٹھیک ورنہ اس نے کبھی کسی کے آگے دستِ سوال دراز نہیں کیا تھا کچھ لوگوں نے تو اسے وقت بے وقت نماز پڑھتے دیکھ کر تعجب کا اظہار بھی کیا لیکن اس کی شخصیت کا رعب اتنا تھا کہ کسی کو ٹوکنے کی ہمت نہ ہوئی۔ ایک دن ایک چھوٹی سی بچی اپنی ماں کے ساتھ روتی ہوئی جا رہی تھی نہ جانے کیا ایک اسے کیا ہوا وہ اسی مجذوب کے قریب زمین پر لیٹنے لگی جیسے کوئی چیز لینے کی ضد کر رہی ہو بچی نے رو رو کر آسمان سر پر اٹھا لیا تھا کئی بچے بوڑھے ان کے پاس آن کھڑے ہوئے

اے مائی۔۔ مجذوب کے حلیے والے نے دھیرے سے آنکھیں کھول کر پوچھا

بچی گہنے لینے کی ضد کر رہی ہے عورت نے پریشان ہو کر جواب دیا

لے دو نا گہنے مجذوب نے کہا کتنی پیاری بچی ہے

کہاں سے لے دوں عورت کی آنکھوں میں آنسو آ گئے پیتل کے گہنے خریدنے کی میری اوقات نہیں

اچھا وہ مسکرایا میرے پاس آؤ اس نے بچی کو پیار سے اشارہ کیا میں دوں گا گہنے

یہ سن کر بچی یقین اور بے یقینی کی کش مکش میں اٹھی اور جھجکتے جھجکتے مجذوب سے کچھ فاصلے پر جا کر کھڑی ہو گئی مجذوب نے زمین سے ایک مٹی کا ڈھیلا اٹھایا اپنی قمیض کا ایک کونا پھاڑ کر اس میں باندھ کر گرہ لگا دی اور کہا اسے گھر جا کر کھولنا بڑے سندر گہنے ہیں۔ ماں نے بیٹی کو گود میں اٹھایا اور جلدی جلدی گھر کی طرف لپکی دروازے میں ہی بچی نے اشتیاق میں پوٹلی کھولی تو ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی واقعی بڑے خوبصورت گہنے انکی نگاہوں کے سامنے تھے عورت کو یقین ہی نہ آ رہا تھا اس نے پڑوسن کو بلا کر گہنے دکھائے وہ اصلی سونے کے تھے آناً فاناً علاقہ بھر میں یہ بات جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی بہت سے لوگ وہاں گئے جہاں مجذوب کا ڈیرہ تھا مگر وہ نہ جانے کہاں غائب ہو گیا تھا۔۔ پھر لوگ اسے بھولنے لگے کچھ عرصہ بعد وہ پھر آوارد ہوا زیادہ تر لوگ اسے نہیں جانتے تھے دہلی میں جب سے وارد ہوا بڑے بڑے عالم فاضل بھی اس کی علمی قابلیت کے معترف ہونے لگے فارسی، عربی، سنسکرت، عبرانی، پنجابی نہ جانے کس کس زبان پر اسے عبور حاصل تھا کسی بھی موضوع پر بولتا تو بولتا چلا جاتا جیسے کوئی یونانی دیوتا معبد میں درس دے رہا ہو لوگ تھک جاتے لیکن وہ ہر چیز سے بے نیاز ہو کر بلا تکان بولتا چلا جاتا اسے کھانے پینے کی کوئی پرواہ نہیں تھی اس عالم وجد میں وہ اپنے کپڑے اتار پھینکتا کبھی نیم برہنہ کبھی الف ننگا کچھ نے پاگل قرار دیا تو کوئی مجذوب سمجھ بیٹھا دنیا کے لئے وہ ایک معمہ بنا ہوا تھا کئی کئی ہفتے نہاتے گذر جاتی اس کے جسم سے بدبو بھی آنے لگتی پھر بھی اس کے گرد لوگوں کا ایک ہجوم ہر وقت لگا رہتا اسی دوران ایک شخص قیصر اس کے قریب ہوتا چلا گیا وہ اس کی ضروریات کا خیال رکھنے لگا درحقیقت قیصر نے اسے بے نقاب کرنے کی ٹھان لی اس کی دانست میں وہ پاکھنڈی، ڈرامے باز یا جاسوس تھا ایک دن تاجروں کا ایک قافلہ ادھر سے گذرا وہ مجذوب حسبِ معمول محفل سجائے بیٹھا کہ ایک تاجر ہجوم دیکھ کر رک گیا وہ بھی تماشائیوں میں شامل ہو گیا اسے آواز کوئی جانی پہچانی محسوس ہوئی تاجر نے غور سے دیکھا تو پھر دیکھتا ہی چلا گیا وہ ہجوم کو چیرتا ہوا آگے بڑھا اور بے ساختہ مجذوب کو گلے لگا لیا اس نے بھاری آواز میں کہا سرمد۔۔ تم کہاں غائب ہو گئے تھے؟ میں نے تمہیں بہت ڈھونڈا

سرمد نامی مجذوب نے خالی خالی نظروں سے نووارد کی طرف دیکھا

"تم اسے جانتے ہو۔۔ قیصر نے بے تابی سے پوچھا

"ہاں میں انہیں جانتا ہوں تاجر نے جواب دیا اس کی حالت پر نہ جاؤ یہ بڑے کمال کے آدمی ہیں ممتاز صوفی سرمد کے متعلق تاریخ بتاتی ہے کہ وہ آرمینیا کا باشندہ تھا کاشان میں مقیم رہا وہ نسلاً یہودی تھا اور کئی زبانوں اور علوم کا ماہر تھا۔ اس کی پیدائش 1590ء کے کس مہینے یا تاریخ کو ہوئی کوئی نہیں جانتا مشہور حکماء ملا صدرا شیرازی اور ابو القاسم فندرسکی کا ہونہار شاگرد تھا بلا کا ذہین فطین اور قادر الکلام شاعر۔ سندھ، لاہور میں بھی آیا ہندوستان آ کر زیادہ تر حیدرآباد میں مقیم رہا۔ عبد اللہ قطب شاہ نے اسے خوش آمدید کہا۔ وہ اپنے ٹھٹھہ سندھ کے قیام 1042ھ/ 1632ء کے دوران میں ایک ہندو لڑکے ابھی چند پر ایسا عاشق ہوا کہ وہ اسی کا ہو کر رہ گیا۔ اسے کئی زبانیں سکھائیں۔ اس ہندو لڑکے نے اس کی نگرانی میں توریت کے ابتدائی حصے کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا۔ شاعر، تاجر، مترجم، مصنف کے ناطہ سے اس نے کئی کتابیں تحریر کیں جس پر اس کے اپنے مخصوص نظریات کی گہری چھاپ ہے سرمد نے بھی حالات سے کمپرومائز نہیں کیا دبستان مذاہب کے مولف سے 1042ھ/1632ء میں حیدر آباد میں ملا اور اس سے کئی اقوال بھی نقل کئے ہیں۔ اس کے اشعار و اقوال سے عیاں ہوتا ہے کہ وہ وحدت ادیان کا قائل تھا۔ اس کا ایک شعر ہے

درکعبہ و بت خانہ سنگ او شد و چوب او شد۔۔۔۔
یکجا حجر الاسود و یکجا بت ہندو شد

مغل بادشاہ شاہ جہاں کا بیٹا شہزادہ دارا شکوہ سرمد سے بہت متاثر تھا یہ بات بھی مشہور ہے کہ سرمد اسی کی دعوت پر سندھ سے دہلی آیا تھا اگرچہ بظاہر سرمد نے اسلام قبول کر لیا تھا لیکن اس کے عقائد و افکار میں کوئی فرق نہیں پڑا تھا بلکہ اس کی حرکات سے معلوم پڑتا ہے کہ وہ سوچی سمجھی سکیم کے تحت یہاں آیا تھا کچھ لوگ اسے جاسوس بھی قرار دیتے رہے، وہ 1064ھ/ 1654ء میں دہلی پہنچا اسے دارا شکوہ کا سہارا ملا تو یہیں کا ہو کر رہ گیا۔ معاصر تذکرہ نویس شیر خان لودھی نے مراۃ الخیال 1102ھ/ 1690ء میں لکھا ہے کہ دارا شکوہ کی طبیعت اس قسم کے مجانین کی طرف راغب تھی۔ تمام مآخذ متفق ہیں کہ وہ اپنے قیام ٹھٹھہ 1042ھ/ 1632ء کے دوران مادر زاد برہنہ ہو گیا تھا۔ قیاس ہے کہ وہ آوارہ گردی کرتا ہوا دہلی نہیں پہنچا تھا بلکہ دارا شکوہ نے اسے خود دہلی بلایا تھا کیونکہ اس کی دارا شکوہ کے ساتھ خط و کتابت بھی تھی۔ دارا شکوہ کا ایک خط بنام سرمد، سید مصطفےٰ طباطبائی نے رسالہ انڈو ایرانیکا کلکتہ میں شائع کیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ عالم وجد میں وہ اکثر اپنے کپڑے پھاڑ کر الف ننگا ہو جاتا جس پر دہلی کے مسلمان مفتی اور علما کرام، ہندو پنڈت اور سکھ گرنتھی خلاف ہو گئے انہوں نے کئی بار شاہ جہاں کے دربار جا کر ان کے خلاف شکایات کے دفتر لگا دیئے لیکن ہر بار دارا شکوہ آڑے آ جاتا اور سرمد کے خلاف کوئی ایکشن نہ لیا جاتا۔ متعدد تاریخی کتابوں دبستان مذاہب ص96، مراۃ الخیال، شیر خان لودھی، طبع کول 1848ء ص154، حسنات الحرمین، اردو ترجمہ محمد اقبال مجددی ص85، سکینۃ الاولیاء دارا شکوہ، ترجمہ سید محمد رضا جلالی نائینی، مقدمہ ص6، Travels in the Mughal Empire, Bernier, p 317، مآثر الامراء، ص225/1-224، ریاض الشعراء، قلمی، رقعات عالمگیری ص121-122 میں بھی سرمد کے متعلق تذکرہ ملتا ہے بہت سے اس کے حامی اسے صاحب کرامت صوفی مانتے ہیں سرمد کو برہنہ حالت میں غیر ملکی سیاحوں نے بھی دیکھا تھا۔ ایک دن دارا شکوہ سرمد کو ملنے آیا سرمد اسے دیکھ کر رونے لگ گیا اس نے دارا شکوہ کو کہا میں اپنا انجام جانتا ہوں لیکن تم جتنی جلدی دہلی چھوڑ دو تمہارے حق میں اتنا ہی بہتر ہے

"مگر کیوں؟ دارا شکوہ نے پوچھا "جو میں جانتا ہوں سرمد نے جواب دیا تم نہیں جانتے "پھر بھی دارا شکوہ نے استفسار کیا "میری آنکھیں آگ اور خون دیکھ رہی ہیں اس نے دور کہیں خلاؤں میں گھورتے ہوئے کہا لاشیں ہی لاشیں

"میں کہیں نہیں جاؤں گا دارا شکوہ نے پرعزم لہجے میں کہا میں شکست مان لوں یہ ہو ہی نہیں سکتا۔

"میں اور تم سرمد نے آہ بھر کر کہا سب خلاص۔۔ جاؤ کچھ عرصہ کے لئے گمنام ہو جاؤ

دارا شکوہ نہ مانا۔۔۔ پھر وہی ہوا جس کی پیش گوئی سرمد نے کی تھی شاہ جہاں نے دو بیٹوں اورنگ زیبؒ عالمگیر اور دارا شکوہ کے درمیان جنگ تخت نشینی پر خوفناک جنگ ہوئی جس میں دارا شکوہ مارا گیا بادشاہ کو گرفتار کر کے گوالیار کے قلعہ میں بند کر دیا گیا اور اورنگ زیبؒ عالمگیر تخت نشین ہو گیا اس نے بہت سے غیر شرعی رسومات، موسیقی اور نام نہاد صوفیا کا احتساب کیا وہاں سرمد پر بھی گرفت ہونا لازمی تھا اور نگزیبؒ عالمگیر نے اعتماد خان ملا عبد القوی کو حکم دیا کہ وہ سرمد کو حاضر کرے وہ آیا تو نیم برہنہ لباس میں تھا وزیروں نے اسے سمجھایا کہ بادشاہ سے ملنے کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں مکمل لباس پہن لو بڑی مشکل اسے راضی کیا گیا بادشاہ دربار میں تخت نشین ہوا تو سرمد ایک شان بے نیازی سے بیٹھا رہا اس نے دربار میں سوال و جواب کے دوران میں بھی اسلام کے خلاف توہین آمیز کلمات کہے اورنگ زیبؒ عالمگیر اس کی باتیں سن کر پیچ و تاب کھا گیا

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن وثقافت

وزن بڑھنے پر تنقید، پرینیتی چوپڑا کترینہ کی حمایت میں سامنے آگئیں

ممبئی (پی این پی) معروف بالی ووڈ اداکارہ پرینیتی چوپڑا نے کترینہ کیف کے ہاں بچے کی ولادت کے بعد ان کی جسمانی طور پر فربہی پر ٹرولنگ کرنے والوں پر کڑی تنقید کی اور کہا یہ بالکل ناسمجھ لوگ ہیں۔ واضح رہے کہ اداکارہ کترینہ کیف کو حال ہی میں اس وقت شدید ٹرولنگ کا سامنا کرنا پڑا جب وہ اپنے شوہر وکی کوشل کے ساتھ امبانی خاندان کے ہاں ہونیوالی تقریبات میں شریک ہوئیں۔ اس موقع پر انکے بڑھے ہوئے جسمانی وزن پر تنقید کی گئی۔ اس سے قبل بگ باس 20 میں سلمان خان نے بھی ان ٹرولز کو آڑے ہاتھوں لیا۔ اب پرینیتی چوپڑا نے بھی کترینہ کا دفاع کرتے ہوئے ایسے لوگوں پر تنقید کی۔ انہوں نے خواتین اداکاراؤں کو ان کی ظاہری شکل کے حوالے سے جس سخت جانچ پڑتال کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کی طرف بھی اشارہ کیا۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کے دوران پرینیتی سے پوچھا گیا کہ وہ کترینہ پر تنقید کرنے والوں اور سلمان خان کی جانب سے ان کا دفاع کرنے کے بارے میں کیا کہیں گی؟ جس پر پرینیتی نے اس قسم کے ٹرولز کو مکمل طور پر ناسمجھی قرار دیا۔ انھوں نے کہا زچگی کے بعد خواتین کے جسم پر تبصرہ کرنا میری سمجھ سے بالاتر ہے، آپ بال کٹواتی ہیں تو بال چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ آپ چھٹیوں پر جاتی ہیں تو جسم پر دھوپ کا اثر لے کر واپس آتی ہیں۔ آپ نے جو کچھ بھی کیا اس کا اثر جسم پر نظر آتا ہے اور یہ سب کچھ سراہا جاتا ہے۔ لیکن ایک انسانی زندگی، ایک بچے کو جنم دینا، اس کا اثر جسم پر پڑنے پر تنقید کیسے کی جا سکتی ہے؟ انھوں نے کہا ماں بننے کے جسمانی اثرات تنقید کے بجائے سراہے جانے کے لائق ہیں۔

جنت مرزا کی اے آئی ویڈیو پر حنا پرویز بٹ نے کارروائی کا مطالبہ کر دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستانی ٹک ٹاکر اور اداکارہ جنت مرزا کی اے آئی سے تیار کردہ ایک جعلی ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کرنے کے بعد معاملہ خواتین کی ڈیجیٹل پرائیویسی اور چہروں کے غیر مجاز استعمال تک جا پہنچا ہے۔ ویڈیو میں جنت مرزا کو ایک نامعلوم شخص کے ساتھ دکھایا گیا، جس کے بعد انہوں نے اس مواد پر سخت ردعمل ظاہر کیا۔ جنت مرزا نے انسٹاگرام اسٹوری کے ذریعے واضح کیا کہ انہیں ویڈیو میں کوئی مزاح نظر نہیں آیا۔ ان کے مطابق کسی شخص کے چہرے کو اس کی اجازت کے بغیر استعمال کر کے اس نوعیت کی ویڈیوز تیار کرنا انتہائی تشویشناک عمل ہے اور اس کے اثرات صرف کسی ایک شخصیت تک محدود نہیں رہتے۔ ان کا کہنا تھا کہ آج ان کا چہرہ استعمال کیا جا رہا ہے، لیکن کل یہی معاملہ کسی بھی دوسری لڑکی کے ساتھ پیش آ سکتا ہے، جس سے اس کی عزت اور وقار متاثر ہو سکتا ہے۔ جنت مرزا نے کہا کہ وہ خود سوشل میڈیا پر بہت فعال ہیں، اس کے باوجود ویڈیو دیکھ کر انہیں شدید بے چینی محسوس ہوئی۔ ٹک ٹاکر نے خاص طور پر ان خواتین کی طرف بھی توجہ دلائی جو سوشل میڈیا استعمال نہیں کرتیں۔ ان کے مطابق ایسی خواتین کی تصاویر بھی ان کی لاعلمی میں استعمال ہو سکتی ہیں اور ممکن ہے انہیں اس غلط استعمال کا علم ہی نہ ہو۔

لندن: معروف گلوکاروں کے جعلی ریکارڈز بیچ کر لاکھوں کمانے والے شخص کو تین سال کی جیل

لندن (شوبز ڈیسک) برطانیہ میں معروف عالمی گلوکاروں کے نام پر جعلی ونائل ریکارڈز تیار کر کے لاکھوں پاؤنڈ کمانے والے شخص کو عدالت نے ساڑھے 3 سال قید کی سزا سنا دی۔ 40 سالہ ریحان احمد پر الزام تھا کہ اس نے دی بیٹلز، ٹیلر سوئفٹ، ایڈ شیرن، ایڈیل، آریانا گرانڈے، ڈریک، بیونسے اور ریحانہ سمیت 108 سے زائد فنکاروں کی موسیقی کے جعلی ریکارڈز تیار کر کے فروخت کیے۔ برطانوی حکام کے مطابق ملزم نے تقریباً 7 سال تک یہ غیر قانونی کاروبار چلایا اور اس دوران 27 لاکھ پاؤنڈ سے زائد منافع کمایا۔

فیصل قریشی کے تیزی سے کم ہوتے وزن نے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کے معروف اداکار و میزبان فیصل قریشی کی حالیہ تصاویر نے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر لی، جہاں ان کے نمایاں طور پر کم ہوتے وزن پر مداح تشویش کا اظہار کر رہے ہیں حال ہی میں امریکا میں فیصل قریشی کی ایک تصویر سامنے آئی جس میں وہ فوڈ بلاگر اور مرحوم گلوکار جنید جمشید کے صاحبزادے تیمور جنید کے ساتھ نظر آئے۔ تصویر میں اداکار پہلے کے مقابلے میں خاصے دبلے دکھائی دیے، جس کے بعد ان کے وزن میں تبدیلی سوشل میڈیا پر موضوعِ بحث بن گئی۔ اداکار کی اہلیہ کے ساتھ سامنے آنے والی ایک حالیہ ویڈیو میں بھی صارفین نے ان کے بدلے ہوئے حلیے کو نوٹس کیا اور کمنٹس میں ان کی صحت سے متعلق سوالات اٹھائے۔ فیصل قریشی خود اپنے وزن میں کمی کو ڈائٹ اور آنے والے کرداروں کی تیاری سے جوڑ چکے ہیں، تاہم ان کے نئے لُک نے مداحوں کے درمیان خاصی بحث چھیڑ دی ہے۔

شادی کی کاغذی کارروائی، غیر ضروری، ماں بننے کیلئے ذاتی سوچ اہمیت رکھتی، شروتی ہاسن

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) بھارتی اداکارہ شروتی ہاسن نے اپنی ذاتی زندگی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ ایک وقت ایسا بھی آیا تھا جب وہ شادی کرنے کے فیصلے کے بہت قریب پہنچ گئی تھیں۔ اداکارہ نے یہ بھی واضح کیا کہ مستقبل میں ماں بننے کی خواہش ان کے دل میں موجود ہے اور اس کے لیے بچے کو گود لینے کا راستہ بھی ان کے لیے قابل قبول ہے۔ شروتی ہاسن نے سوہا علی خان کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کے دوران شادی کے روایتی تصور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں کسی کا ساتھ اور رفاقت پسند ہے، لیکن وہ اپنی پوری زندگی خود کو کسی ایک مخصوص خانے میں محدود کرنے سے گریز کرتی رہی ہیں۔ اداکارہ کے مطابق انہیں شادی کی کاغذی کارروائی، غیر ضروری اخراجات اور دکھاوے سے خاص دلچسپی نہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر اتنی بڑی رقم خرچ کر کے شادی کرنے کی ضرورت کیا ہے اور یہی پیسہ کسی ضرورت مند کی مدد کے لیے کیوں نہ استعمال کیا جائے۔ شروتی نے بتایا کہ وہ ایک مرتبہ شادی کرنے کے فیصلے کے بالکل قریب پہنچ چکی تھیں اور جب فیصلہ کن مرحلہ آیا تو انہیں اتنا خوف بھی محسوس نہیں ہوا تھا جتنا شاید لوگ تصور کرتے ہیں۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ وہ بڑی اور شاندار شادیاں کرنے والے لوگوں پر تنقید نہیں کر رہیں، بلکہ یہ طرزِ عمل ذاتی طور پر انہیں ہمیشہ پریشان کرتا رہا ہے۔ اداکارہ نے اپنی مستقبل کی خواہش کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ ماں بننا چاہتی ہیں۔ ان کے لیے بچے کو جنم دینا ہی واحد راستہ نہیں بلکہ وہ بچے کو گود لینے کے لیے بھی تیار ہیں۔ شروتی ہاسن کی گفتگو سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ وہ شادی اور والدین بننے کے معاملے میں روایتی توقعات کے بجائے اپنی ذاتی ترجیحات اور سوچ کو اہمیت دیتی ہیں۔


































مانسہرہ شدید بارش وژالہ باری سے ٹماٹر آلو کی فصل کی تباہی کا منظر

مانسہرہ میں طوفان، موسلا دھار بارش اور شدید ژالہ باری

بٹگرام کے گاؤں میں آسمانی بجلی گرنے سے دوافراد کے جاں بحق اور دوزخمی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ میں طوفانی جھکڑ و موسلا دھار بارش اور شدید ژالہ باری، سڑکیں و گلیاں محلے تالاب کا منظر پیش کرنے لگے، گھروں دوکانوں میں پانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

طلال چوہدری، آئی جی، کمشنر اسلام آباد سے ترنول کے مشران کی ملاقات

علاقے میں پائیدار امن کے قیام سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ترنول میں امن وامان کے لیے پولیس اور عوام کا مشترکہ عزم۔ وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد سہیل چوہدری اور چیف کمشنر اسلام آباد کی ترنول کے مشران و بزرگ شہریوں سے ملاقات۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد سہیل چوہدری اور چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے ترنول کے مشران، بزرگ شہریوں اور معززین علاقہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ترنول اور ملحقہ علاقوں میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، جرائم کی روک تھام، شہریوں کے تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

وزیر مملکت طلال چوہدری، آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری اور چیف کمشنر سے ملاقات کے بعد ترنول کے مشران کا ہمراہ گروپ فوٹو

ایران کا دوٹوک اعلان: شرائط پوری ہونے تک نہ آبنائے ہرمز کھلے گی نہ مذاکرات ہونگے

امریکا کی طرف سے مزید حملے کی صورت میں جوابی کارروائی کا دائرہ بڑھایا جاسکتا ہے

بحرِ ہند کا ذکر اس لیے اہم ہے کہ یہ خطہ مشرق وسطیٰ کو جنوبی ایشیا، مشرقی افریقا اور عالمی بحری تجارتی راستوں سے جوڑتا ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا یا اسرائیل نے دوبارہ حملہ کیا تو جنگ بحرِ ہند تک پھیل سکتی ہے، ایران کی سخت وارننگ ایرانی خبر رساں ادارے فارس کی جانب سے جاری کی گئی ایک ویڈیو میں صفوی نے کہا کہ تنازع پہلے ہی خلیج فارس اور آبنائے ہرمز سے آگے بڑھ کر بحیرۂ احمر تک پہنچ چکا ہے۔ ان کے مطابق اگر جنگ مزید بڑھی تو محاذ اس سے بھی آگے بحرِ ہند اور ممکنہ طور پر اس سے بھی دور علاقوں تک پھیل سکتا ہے۔ صفوی کا یہ بیان ایک واضح انتباہ کے طور پر سامنے آیا ہے، تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ ایران بحرِ ہند میں کس نوعیت کی فوجی کارروائی کرسکتا ہے یا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ، ابوبکر صابری

جمعتہ المبارک کو ملک بھر میں یوم تحفظ حرمین شریفین کے طور پر منانے کا اعلان

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان علماء کونسل اسلام آباد کے صدر مولانا ابوبکر حمید صابری نے اور دیگر علماء اکرام نے کہا مشرق وسطی میں جاری جنگ بڑھتی ہوئی علاقی کشادگی اور سعودی عرب کی سرزمین پر حوثی باغیوں کی جانب سے ہونے والے میزائل و ڈرون حملوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا انہوں نے کہا آج بروز جمعہ المبارک کو ملک بھر میں یوم تحفظ حرمین شریفین کے طور پر منانے کا اعلان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

نومنتخب صدر آزاد کشمیر نجیب نقی سے آل کشمیر فورم کے وفد کی ملاقات

ساجد اعوان سمیت اراکین نے صدارت کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی

انتخاب علاقائی توازن اور سیاسی شمولیت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، صدر فورم

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ملک محمد ساجد اعوان کی قیادت میں آل کشمیر فورم کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے آزاد کشمیر کے نومنتخب صدر ڈاکٹر نجیب نقی سے ملاقات کی اور انہیں ریاست آزاد جموں وکشمیر کی صدارت کا منصب سنبھالنے پر گلدستہ اور مبارکباد پیش کی۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

آئی جی پنجاب: 27 ستمبر کو کسی کو توڑ پھوڑ کی اجازت نہیں دینگے، خلاف ورزی پر سخت ایکشن ہوگا

سب کو صاف طور پر یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ قانون کی خلاف ورزی پر آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

کسی کے خلاف امتیازی کارروائی نہیں ہوگی، احتجاج کرنا ہے تو متعلقہ ڈی سی سے اجازت لی جائے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (ویب نیوز) آئی جی پنجاب نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو کسی کو توڑ پھوڑ کی اجازت نہیں دیں گے اور خلاف ورزی پر سخت ایکشن لیا جائے گا۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب کو صاف طور پر یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ قانون کی خلاف ورزی پر آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ 27 ستمبر کو کسی کو توڑ پھوٹ کی اجازت نہیں دیں گے۔ اگر کسی نے احتجاج کرنا ہے تو متعلقہ ڈی سی سے اجازت لی جائے۔ انہوں نے کہا کہ میرے علم میں نہیں ہے کہ کسی نے احتجاج کے لیے درخواست دی ہو۔ آئی جی پنجاب کا کہنا تھا کہ کسی کے خلاف امتیازی کارروائی نہیں ہو گی۔ پولیس کی خود احتسابی کا بڑا اچھا نظام ہے۔ گھروں میں توڑ پھوڑ کا الزام درست نہیں ہے۔ کسی کو اگر گھروں میں توڑ پھوڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

نیپرا کا کیالیکٹرک کے ٹیرف پر نظر ثانی کا فیصلہ جاری

اسلام آباد (آئی این پی) نیشنل الیکٹر پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کیالیکٹرک کے ٹیرف پر نظر ثانی کا فیصلہ جاری کردیا۔ فیصلہ کے الیکٹرک کی نظر ثانی شدہ ٹیرف کے خلاف اپیل اپیلیٹ ٹربونل سے مسترد ہونے کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ایس سی او کا نوٹس، بی آئی ایس پی دفاتر کی انٹرنیٹ سروس بحال

مظفرآباد (خبر نگار) سپیشل کمیونیکیشنز آرگنائزیشن (SCO) نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) آزاد جموں وکشمیر کے دفاتر میں انٹرنیٹ سروس کے مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سروس بحال کردی، جس کے بعد بی آئی ایس پی کے ڈیجیٹل آپریشنز معمول کے مطابق بحال ہوگئے ہیں اور مستحقین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

این پی سی کا جناح ڈینٹل کلینک کے ساتھ معاہدہ

ممبران اور انکی فیمیلیز کو دانتوں کے علاج پر 25 فیصد رعایت ملے گی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل پریس کلب اسلام آباد اور جناح ڈینٹل کلینک، جناح میموریل ہسپتال راولپنڈی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ معاہدے کے تحت نیشنل پریس کلب کے ممبران اور ان کی فیملیز کو دانتوں کے علاج کی سہولیات پر 25 فیصد رعایت فراہم کی جائے گی۔ معاہدے کی خاص بات ٹریفک حادثات کے نتیجے میں جبڑے کی ہڈی ٹوٹنے سمیت دانتوں اور جبڑے سے متعلق دیگر امراض کے علاج پر بھی 25 فیصد رعایت دی جائے گی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پاکستان میں تھرمل بجلی گھروں کے نئے کردار پر لمز کی قومی ورکشاپ

قیادت نے ماحول دوست بجلی کے حصول کے لیے عملی ترجیحات پر گفتگو کی

اسلام آباد (پ ر) لمز انرجی انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام قومی مشاورتی ورکشاپ میں پاکستان کے بجلی کے شعبے کو صاف، سستی اور قابلِ اعتماد توانائی کی جانب منتقل کرنے کے لیے عملی اقدامات اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کا جائزہ لیا گیا۔ منعقدہ مشاورت میں بجلی کے شعبے کے اہم اداروں اور ماہرین نے 2040 تک بجلی کے نظام کو نیٹ زیرو کی جانب لے جانے کے لیے قابلِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، پاکستان میں تھرمل بجلی گھروں کے نئے کردار پر لمز کی قومی ورکشاپ کے بعد مہمانوں کا گروپ فوٹو

ترکیہ کا اپنا فوجی اڈہ عراق کے حوالے کرنے کا فیصلہ

استنبول (آئی این پی) ترکیہ اور عراق کے درمیان طے پانے والے حالیہ معاہدے کے مطابق، ترکیہ نے شمالی عراق کے علاقے موصل کے قریب واقع اپنے باشیقہ۔زلیکان فوجی کیمپ کو عراقی حکومت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ سیزن ٹو، نوجوانوں کی شاندار کارکردگی

اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے فواد عالم کی پہلے دو میچز میں ڈبل سنچری

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز سیزن ٹو ملک بھر کے 100 اضلاع میں جاری ہے جس میں 1400 سکولز کے کھلاڑی بھرپور جوش وخروش سے حصہ لے رہے ہیں پروگرام کا مقصد سکول سطح پر باصلاحیت نوجوان کرکٹرز کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے نوجوان کرکٹر فواد عالم نے ٹورنامنٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

سونا عالمی ومقامی مارکیٹوں میں مزید سستا ہوگیا، چاندی کی قیمت بھی کم

کراچی (آئی این پی) سونے اور چاندی کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمتوں میں جمعرات کو کمی واقع ہوگئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعرات کے روز سونے کی قیمتوں میں 56 ڈالر فی اونس کی کمی ریکارڈ ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

انیلہ ایاز کا بچوں سے جنسی زیادتی کے بڑھتے واقعات پر اظہار تشویش

حکومت بچوں سے زیادتی کے بڑھتے واقعات کو قومی ایمرجنسی قرار دے، تنظیم چائلڈ پروٹیکٹرز

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) بچوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والی غیرسرکاری تنظیم چائلڈ پروٹیکٹرز کی چیئر پرسن انیلہ ایاز نے بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے بڑھتے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بچے گھروں، سکولوں، مدارس اور ٹیوشن سنٹرز سمیت کہیں بھی مکمل طور پر محفوظ نہیں ہیں، حکومت بچوں سے زیادتی کے بڑھتے واقعات کو قومی ایمرجنسی قرار دے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، چیئر پرسن دی چائلڈ پروٹیکٹرز انیلہ ایاز پریس کانفرنس کر رہی ہیں

آبنائے ہرمز میں ایک مال بردار بحری جہاز پر حملہ، 2 افراد زخمی

تہران (صباح نیوز) برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز آرگنائزیشن نے کہا ہے کہ اسے اطلاع ملی ہے کہ آبنائے ہرمز میں ایک مال بردار بحری جہاز کو نامعلوم سمت سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

میرپور، ملزم سے 200 گرام چرس برآمد

میرپور (بیورو رپورٹ) تھانہ پولیس افضل پور کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں پہلی کاروائی میں ایس ایچ او عمران قاسم نے معہ نعمان خالق SI / ASHO، مستنصر علی حسن ASI، نوید سبحانی IHC، احسن فاروق DFC مبارک علی کے ملزم سفیان احمد ولد محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

صحافی میاں اختر حسین کی خالہ کے ایصالِ ثواب کیلئے دعائیہ

مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی اور خصوصی دعا کی گئی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل پریس کلب کے لائف ٹائم ممبر سینئر صحافی میاں اختر حسین کی خالہ کے ایصالِ ثواب کے لیے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں دعائیہ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سول سوسائٹی الائنس آن مائیگریشن کا باقاعدہ آغاز

مقصد محفوظ ہجرت، اور تارکین وطن کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ہے

سول سوسائٹی تنظیمیں خاندانوں اور مقامی کمیونٹیز کے قریب ہوتی ہیں، نمائندہ IMO

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد میں پاکستان کی سول سوسائٹی الائنس آن مائیگریشن کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا۔ الائنس میں ملک بھر سے 50 سے زائد سول سوسائٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

وی او سی ایس اے ایم کے لانچنگ ایونٹ میں حکومتی نمائندوں، آئی او ایم، اقوام متحدہ سفارتی مشنز اور سول سوسائٹی کے رہنماؤں کا گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر مری شہر کے مختلف اہم مقامات کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں اور شہری سہولیات کا جائزہ، باقاعدگی سے رپورٹس دینے کی ہدایت

مری (نمائندہ شہرنامہ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے مری شہر کے مختلف اہم مقامات کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی منصوبوں، شہری سہولیات اور انتظامی امور کا موقع پر جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عمر اویس کیانی اور اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر مری نے دورے کے دوران جنرل پوسٹ آفس مری، جی پی او چوک، مال روڈ اور پنجاب ہاؤس مری کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی اور مختلف منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

رانا ثناء اللہ: لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہوسکتے

لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جارہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا، اسلام آباد میں کسی کو بھی چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مؤخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، اسلام آباد میں کسی کو بھی چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنااللہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ملیر، ایک نمائشی بازار میں خاتون نے کتابوں کا سٹال لگا رکھا ہے

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری، احکامات صادر

شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اولین ترجیح ہے، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل، جرائم کی روک تھام اور موثر پولیس سروسز کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے پرعزم

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے پرعزم۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی اپنی دفتر میں کھلی کچہری۔ شہریوں کے مسائل سنے، متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ایبز انتظامیہ، سینئر ڈاکٹرز کیلئے فائر سیفٹی سے متعلق ورکشاپ

مظفرآباد (وقائع نگار) ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس کیپٹن (ر) ابرار اعظم کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس ضلع مظفرآباد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

1960 کو بچھڑنے والا بچہ عبدالعزیز 66 سال بعد گاؤں پہنچ گیا

بٹیاں بالا (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی کے گاؤں نوگراں سے 1960ء میں گیارہ سال کی عمر میں بچھڑنے والا بچہ (سندلیس) عبدالعزیز 66 سال بعد رحیم یار خان سے اپنے آبائی گاؤں واپس پہنچ گیا، سال 1960ء میں بچھڑنے والے (سندلیس) عبدالعزیز کے مطابق جب وہ گھر، اپنوں سے بچھڑے تو ان کی عمر صرف گیارہ سال تھی، سکول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ، کیا کرپائے گا؟

رخت سفر

بشارت کھوکھر

27 ستمبر کو پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ اور احتجاج کی کال نے ملک، بالخصوص وفاقی دارالحکومت میں سیاسی اور انتظامی بے چینی کی کیفیت پیدا کر دی ہے۔ ایک طرف تحریک انصاف اپنے کارکنوں اور حامیوں کو اسلام آباد پہنچنے کی تیاری کی ہدایت کررہی ہے جبکہ دوسری جانب حکومت نے واضح کر دیا ہے کہ احتجاج کے نام پر وفاقی دارالحکومت کی سڑکیں، شاہراہیں اور اہم تنصیبات بند کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ 27 ستمبر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ایک بڑے سیاسی امتحان کی شکل اختیار کرتا دکھائی دے رہا ہے۔ تحریک انصاف نے 27 ستمبر کے احتجاج کے مطالبے میں اپنے بانی عمران خان کی جیل ملاقاتوں اور ان کی ہسپتال منتقلی کا مطالبہ کیا ہے، یہ مطالبات وہی ہیں جو پاکستان تحریک انصاف ماضی میں بھی کرتی آئی ہے مگر اس مرتبہ احتجاج کو بائیپ ماضی سے بہت زیادہ ہے۔ ماضی میں ہونے والے احتجاج اور لانگ مارچ کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انتظامیہ کے ساتھ تحریک انصاف کا تصادم اسلام آباد میں ہوتا رہا مگر اس مرتبہ حکومت اس احتجاج کی حساسیت کو بڑھا رہی ہے۔ اس معاملے میں اسلام آباد ہائی کورٹ کا حالیہ فیصلہ بھی اہمیت کا حامل ہے جس کی خلاف ورزی کے سنگین نتائج منتخب نمائندوں اور انتظامی مشینری کو بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ عدالت نے 27 ستمبر کے مجوزہ احتجاج سے متعلق تفصیلی فیصلے میں قرار دیا کہ کوئی سیاسی جماعت، رہنما یا صوبائی حکومت اس انداز میں سڑکوں، شاہراہوں یا دیگر عوامی مقامات پر قبضہ نہیں کرسکتی جس سے شہریوں کی آزادانہ نقل وحرکت یا بنیادی سہولتوں تک رسائی متاثر ہو۔ عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ احتجاج کا حق قانون اور دوسرے شہریوں کے بنیادی حقوق کے ساتھ متوازن ہونا چاہیے۔ ساتھ ہی عدالت نے صوبائی مشینری کے استعمال سے بھی روک دیا تھا۔ اگر چہ تحریک انصاف کی قیادت اپنے کارکنوں کو عدالتی احکامات کی خلاف ورزی نہ کرنے کی ہدایات جاری کررہی ہے مگر پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر کے اسلام آباد کو سومنات بنانے کے بیان سے اسلام آباد میں تشویش پائی جاتی ہے۔ جنیدا کبر کی تقریر کے بعد ان کے خلاف نیشنل سائبر کرائم ایجنسی اسلام آباد نے مقدمہ بھی درج کرلیا ہے۔

دار الحکومت اسلام آباد اس وقت کنٹینرز کا شہر بن چکا ہے۔ اسلام آباد آنے والے داخلی راستوں پر کنٹینرز رکھ دیئے گئے ہیں، 27 ستمبر کے احتجاج سے قبل اسلام آباد میں داخلہ مرحلہ وار بند کیا جارہا ہے۔ ریڈ زون کے گرد کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئی ہیں۔ ایک لاکھ 10 ہزار شیلز فورسز کو فراہم کئے جاچکے ہیں۔ پنجاب سے 15 ہزار پولیس نفری اسلام آباد پہنچ رہی ہے جبکہ سندھ سے 1900 اہلکار اسلام آباد پہنچ رہے ہیں۔ ان اہلکاروں کو ٹھہرانے کیلئے اسلام آباد کے 24 سرکاری سکول خالی کروائے گئے ہیں۔ یوں کل ملا کر 25 ہزار اہلکار صرف اسلام آباد کی سکیورٹی پر مامور ہوں گے۔ اٹک میں کئی اضلاع کی پولیس اپنے سربراہان کے ساتھ موجود ہوگی جو پنجاب میں داخلے کا راستہ ہے۔ اٹک، راولپنڈی اور اسلام آباد میں 27 ستمبر کو موبائل سروس کو بند یا ڈاؤن گریڈ کرنے کا پلان بھی زیرغور ہے۔ راولپنڈی اٹک جہلم میں رینجرز تعیناتی کیلئے پنجاب حکومت وزارت داخلہ کو درخواست کر چکی ہے۔ پشاور موٹروے کو بند کیا جاچکا ہے جبکہ لاہور اسلام آباد موٹروے کو بند کرنے کا معاملہ بھی زیرغور ہے۔ وزیرداخلہ محسن نقوی اعلان کر چکے ہیں کہ اس مرتبہ اس معاملے کا ہمیشہ کیلئے بندوبست کر دیا جائے گا۔ حکومت کا لب ولہجہ بتا رہا ہے کہ مظاہرین کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

ایک جانب وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی تیاریاں کسی بڑے طوفان کی خبر دے رہی ہیں تو دوسری جانب جب گراؤنڈ کی صورتحال کو دیکھا جائے تو حیرانی ہوتی ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا جب لاہور کی سڑکوں پر نکلے اور جی ٹی روڈ د پختونخوا سے ہوتے ہوئے اسلام آباد پہنچے تو ان کے ساتھ لوگوں کی بڑی تعداد نہیں نکلی۔ اگر یہ کہا جائے کہ لوگ خیبر پختونخوا سے نکلیں گے تو وہاں سے بھی ابھی تک گراؤنڈ پر زیادہ کارکنوں کے نکلنے کے آثار واضح نہیں ہیں۔ مگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

فریش ملک ایسوسی ایشن: الطاف حسین شاہ کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

بطور ایگزیکٹو ممبر اسلام آباد چیمبر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فریش ملک ایسوسی ایشن اسلام آباد کی جانب سے سید الطاف حسین شاہ کے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبر منتخب ہونے کی خوشی میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی اور سید الطاف حسین شاہ کو مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں صدر مظفر احمد ہاشمی، وائس چیئرمین میاں عبدالجبار، سینئر نائب صدر عبداللہ اسماعیل، سینئر صدر چوہدری خالد میو، چیئرمین بارہ کہو زون انیس عباسی، نائب صدر بی ڈبلیو ڈی زون چوہدری سعید، وائس چیئرمین پی ڈبلیو ڈی زون حافظ عبدالوحید، چیئرمین گوری ٹاؤن زون راؤ عامر، سیکرٹری انفارمیشن آصف شیخ، سیکرٹری فنانس شیخ وسیم عباس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

محمد شہزاد نے تیز ترین فرسٹ کلاس ریکارڈ بنا دیا

پی ٹی وی کے کھلاڑی نے 62 گیندوں پر 114 رنز کی شاندار اننگز کھیلی

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون فرسٹ کلاس کرکٹ ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کے پہلے روز ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں پی ٹی وی اور کنگز مین اکیڈمی کے درمیان میچ میں پی ٹی وی کے بلے باز محمد شہزاد نے ریکارڈ ساز سنچری سکور کرلی محمد شہزاد نے صرف 49 گیندوں پر سنچری مکمل کرکے پاکستان کی جانب سے فرسٹ کلاس کرکٹ میں تیز ترین سنچری کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی اسلام آباد بیورو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل

مجاہد نقوی صدر، نصرت عباس شاہ سینئر نائب صدر، چوہدری محمد شفیق جنرل سیکرٹری منتخب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں راولپنڈی اسلام آباد بیورو جرنلسٹس ایسوسی ایشن (ربجا) کے 2026-27 کے انتخابات کا انعقاد بروز بدھ کیا گیا۔ انتخابات میں سید مجاہد نقوی 110 ووٹ لیکر صدر جبکہ نصرت عباس شاہ سب سے زیادہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پیر عبدالقادر جیلانیؒ کی حیاتِ طیبہ اہل ایمان کیلئے مشعلِ راہ ہے، سرکار جی

سیدنا جیلانیؒ کی زندگی کے تمام گوشے اور شعبے اتباع شریعت اور اطاعت رسولؐ سے معمور ہیں، آپؒ کی زندگی سراپا تقویٰ تھی

غوث پاکؒ کی زندگی اور تعلیمات کو مشعل راہ بنایا جائے تو ہر بگڑا کام درست ہوتا چلا جائے گا، مدینہ شریف میں خطاب

راولپنڈی (نامہ نگار) سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی حیات مبارکہ اہل ایمان کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے، آپؒ کی زندگی بندگانِ خدا کی اصلاح وفلاح میں بسر ہوئی، آپؒ کے شب وروز کا ہر لمحہ حق وصداقت کی نشرواشاعت میں گزرا۔ ان خیالات کا اظہار پیر سرکار جی نے مدینہ شریف میں عظیم الشان سالانہ عرس غوث الوریٰ میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سیرت غوث اعظم ہمارے لیے روشن چراغ ہے. ہاشم حقانی

آپ نے گمراہیوں کو راہ ہدایت دکھائی. صاحبزادہ علی عباس حقانی

اسلام آباد (پ ر) سیرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ ہمارے لیے روشن چراغ ہے۔ علامہ ہاشم حقانی۔ آپ نے گمراہیوں کو راہ ہدایت دکھائی۔ صاحبزادہ علی عباس حقانی۔ آپکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد. کنزالایمان علامہ محمد ہاشم حقانی 11 ویں کی دعا کررہے ہیں

زندگیوں میں انقلاب لانے کیلئے کوشاں، ڈاکٹر منصور

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) دنیا کے بیشتر ممالک جینو مک ٹیکنالوجی میں بہت آگے نکل چکے ہیں اور اس سے فائدہ اٹھا کر صحت، خوراک، لائیو سٹاک، اور دیگر سائنسی شعبہ جات میں فوائد حاصل کررہے ہیں نیگیب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)